انمول خزانہ
مرتبہ
محمد یونس قادری
جامع مسجد باباحیدرشاہ۔محلہ الھیار۔ٹنڈوآدم۔ضلع سانگھڑ۔سندھ۔پاکستان۔0302-3359863

ایمان کی سلامتی

حضرت شیخ عبدالوہاب شعرانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب " اَلدَّ لَالَتُ عَلَی اللّٰہ " میں تحریر فرماتے ہیں کہ حضرت خضر علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں کہ میں چوبیس ہزار (24000) انبیاء علیہم السلام سے ملا اور ان سے یہ بات دریافت کی کہ مجھے کوئی ایسا ورد بتائیے جس سے بندہ مرتے وقت سلب ایمان سے محفوظ رہے؟ مگر کسی نے نہیں بتایا، یہاں تک کہ سرور عالم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر یہی عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بندہ مرتے وقت ایمان کی سلامتی کے ساتھ مرے، ایسا ورد مجھے تعلیم فرمائیے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جبرائیل علیہ السلام سے دریافت کر کے بتلاؤں گا۔ پھر جبرائیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ اللہ جل جلالہ سے دریافت کر کے عرض کروں گا۔ جب جبرائیل علیہ السلام نے اللہ جل جلالہ سے دریافت کیا تو ارشاد ہوا کہ جو شخص ہر نماز کے بعد آیت الکرسی اور آمن الرسول اور شھد اللہ انہ لا الہ الا ھو اور قل اللھم مالک الملک سے بغیر حساب تک اور سورہ اخلاص، معوذتین و سورہ فاتحہ کا ورد کیا کرے تو وہ ایمان کی سلامتی کے ساتھ مرے گا اور سلب ایمان سے محفوظ رہے گا۔

(انوار العارفین۔ تالیف: صوفی محمد عابد میاں ڈابھیلی رحمۃ اللہ علیہ۔ ناشر: جمال پرنٹنگ پریس دہلی انڈیا۔ اشاعت اول 1355ھ۔ ص:103)

ستر حاجات کا پورا ہونا

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جب سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، شھد اللہ انہ لا الہ الا سے سریع الحساب o تک (آل عمران، ۱۶+۱۵)، پھر اللھم مالک الملک تو تی الملک سے بغیر حساب o تک (آل عمران، ۲۷+۲۶) نازل ہوئی تو عرش سے معلق ہو کر فریاد کی کہ آپ ہم کو ایسی قوم پر نازل فرما رہے ہیں جو گناہوں کا ارتکاب کریں گے۔ ارشاد فرمایا کہ قسم ہے میری عزت و جلال کی اور ارتفاعِ مکان کی کہ جو لوگ ہر نماز فرض کے بعد تمہاری تلاوت کریں گے ہم ان کی مغفرت فرمائیں گے اور جنت الفردوس میں جگہ دیں گے اور ہر روز ستر مرتبہ نظر رحمت سے دیکھیں گے اور اس کی ستر حاجتیں پوری کریں گے جس کا ادنیٰ درجہ مغفرت ہے۔ (دیلمی) بعض روایات میں ہے کہ اس کو دشمنوں پر غلبہ عطا کریں گے۔ (تفسیر روح المعانی، پ ۳) (معارف القرآن جلد دوم۔ مفتی محمد شفیع رحمۃ اللہ علیہ۔ ص:35)

اللہ کے ذکر کے ساتھ اشتغال اللہ تعالیٰ کی جلیل القدر نعمت ہے۔ یہ مشغولیت اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے ان مقبول بندوں کو عطا فرماتا ہے جن پر اس کی خاص نظر کرم ہوتی ہے۔

نوٹ:

ذیل میں ہم ان آیات مبارکہ کو تلاوت کے لیے سورہ الکافرون کے اضافہ کے ساتھ درج کر رہے ہیں تاکہ ان کی برکت سے دنیا و آخرت کی کامیابیاں نصیب ہوں۔ یاد رہے کہ نماز مکمل کرنے بعد ہر مرتبہ ان کی آیات مبارکہ کی تلاوت سے قبل تعوذ، تسمیہ اور درود شریف ایک ایک مرتبہ پڑھ کر پھر تلاوت کرے اور محض اللہ تعالیٰ کے قرب و رضا کے حصول کے لیے معمول بنائیں اور اپنے دل پر دم کر لیا کریں اور پانی کی ایک بوتل پر بھی دم کر لیا کریں یہ دم کیا ہوا پانی صبح نہار، دوپہر اور رات کو سوتے وقت استعمال کرنے سے تمام امراض روحانی و جسمانی کو دور کرنے میں مفید ثابت ہوگا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَ لَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ ج وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ط كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَ كُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَ لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفہ وَ اغْفِرْ لَنَا وقفہ وَارْحَمْنَا وقفہ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لا وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا م بِالْقِسْطِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ قف وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ م بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا م بَيْنَهُمْ ط وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ لَآ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَلَآ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَآ اَعْبُدُ ○ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ○

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ○